قانونی اِمداد کامرکز

دستگیر قانونی اِمداد کا مرکز

ہمارا پیغام ...انصاف تک رسائی عام

حقوق بھی ہمارے ---قوانین بھی ہمارے

کسی بھی معاشرے کے تمام افراد کو جب تک بنیادی انسانی حقوق کی بلا امتیاز فراہمی نہ ہو وہ ترقی نہیں کر سکتا۔پاکستان کے آئین کے مطابق ہر شہری کے بنیادی حقوق ہیں جن کے تحفظ کے لیے قوانین بنائے گئے ہیں۔ ہر شخص کا یہ حق ہے کہ اس کو بہترین ممکنہ قانونی اِمداد اور مشورہ موصول ہونا چاہیے،خواہ ان کا سماجی پس منظر یا مالی حالات کچھ بھی ہوں۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کسی قسم کی ناانصافی اور حقوق غصب ہونے پر آپ کو کیا کرنا چاہیے اور کہاں جانا چاہیے؟

دستگیر قانونی اِمداد اور مشورے کا مرکز

دستگیر قانونی اِمداد اور مشورے کا ایسا مرکز ہے، جہاں مستحق خواتین کو مفت قانونی اِمداد فراہم کی جاتی ہے۔ایسی خواتین جو مالی طور پر مستحکم نہیں ہیں یا ان کا تعلق معاشرے کے ایسے محروم طبقات سے ہو جو معاشی اور سماجی طور پر یہ قانونی اِمداد حاصل نہیں کر سکتیں۔ اس مرکز کے ذریعے خواتین کو بنیادی حقوق تک رسائی بذریعہ قانونی کارروائی ممکن بنائی جاتی ہے، اور انصاف فراہم کرنے والے اداروں تک رسائی کو بھی مؤثر بنایا جاتا ہے۔

ہماری خدمات

قانونی اِمداد کے اس مرکز میں تربیت یافتہ عملہ موجود ہوتا ہے جو تمام خواتین کو آنے والے تمام مختلف مسائل کے حل کے لیے طریقہ کار، قانونی معلومات اور مشورہ دیتا ہے۔ اس کے علاوہ مرکز میں موجود پیشہ ور ماہر نفسیات آنے والے متاثر افراد کو بروقت نفسیاتی مدد فراہم کرتے ہیں، نیز اس بات کا خاص خیال رکھا جاتا ہے کہ دستگیر مرکز آنے والی خواتین کی متعلقہ معلومات راز میں رکھی جائیں۔ اس کے علاوہ مرکز سے منسلک تجربہ کار وکلاء کی ٹیم جن میں مرد اور خواتین وکلاء شامل ہیں، جو فوری انصاف کے حصول کے لیے آنے والے افراد کے قانونی مسائل کے حل کے لیے قانونی مشاورت اور اِمداد فراہم کرتے ہیں۔

مفت قانونی اِمداد مہیا کی گئی



ایسی خواتین جو مالی طور پر مستحکم نہیں ہیں اور قانونی اِمداد یا مشورہ حاصل کرنا چاہتی ہیں، تو دستگیر مرکز
کے نمبر 0800-58888 پر کسی بھی وقت کال کر کے معلومات حاصل کر سکتی ہیں۔

دستگیر قانونی اِمداد اور مشورے کے مراکز پاکستان کے مندرجہ ذیل ۳ شہروں میں کام کر رہے ہیں

اسلام آباد۔ پشاور۔ ہری پور

دستگیر مرکز کے ذریعے مندرجہ ذیل مسائل کے لیے قانونی مشورہ اور قانونی اِمداد کی سہولت میسر ہے

- دماغی، جسمانی اور جِنسی تشدد
- تیزاب / جلانے کے جرائم
- غیرت کے نام پر قتل
- جبری شادی
- جِنسی طور پر ہراساں کرنا
- قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے غیر معاونیت وغیرہ

دستگیر قانونی اِمداد اور مشورے کا مرکز کی خدمات

- قانونی رہنمائی۔
- قانونی مشورہ۔
- قانونی اِمداد۔
- سماجی اور نفسیاتی مشاورت، کونسلنگ یا رہنمائی۔
- سماجی اور حکومتی اداروں کیساتھ رابطہ کاری۔

دستگیر لیگل ایڈ سینٹر پشاور

بلیو وینز آفس: مکان نمبر 227، بلاک C، او پی ایف کالونی، بڈھنی روڈ پشاور۔

فون نمبر: 0800-58888 ، 0317-0965038